باتصویر

# عمرہ و حج

گونگے بہروں کے لئے





پیشکش:

المدینۃ العلمیۃ (دعوتِ اسلامی)

Islamic Research Center

SPECIAL PERSONS DEPARTMENT

اسپیشل پرسنز ڈیپارٹمنٹ

مکتبۃ المدینہ

MAKTABA TUL MADINAH

SPECIAL PERSONS
DEPARTMENT

اسپیشل پرسنز
ڈیپارٹمنٹ

YouTube Channel

Mobile Application

YouTube

GET IT ON
Google Play

www.dawateislami.net

# اسپیشل پرسنز ڈیپارٹمنٹ

اسپیشل پرسنز یعنی ایسے افراد جو قدرتی یا حادثاتی طور پر کسی معذوری کے شکار ہوں، مثلاً گونگے، بہرے، نابینا اور معذور افراد وغیرہ۔

الحمد للہ عزوجل دعوتِ اسلامی خدمتِ دین کے 80 سے زائد مختلف شعبہ جات میں دینی کام کر رہی ہے، ان میں سے ایک اسپیشل پرسنز ڈیپارٹمنٹ بھی ہے۔ اسپیشل پرسنز ڈیپارٹمنٹ نہ صرف پاکستان، بلکہ دنیا بھر کے مختلف ممالک (نیپال، بنگلہ دیش، کینیا، موزمبیق وغیرہ) میں اسپیشل پرسنز (گونگے، بہرے، نابینا اور معذور اسلامی بھائیوں اور اسلامی بہنوں) میں دینی اور فلاحی کاموں میں مصروف عمل ہے، اسپیشل پرسنز کے مختلف طبقات کے پیش نظر دینی کام کرنے میں اسپیشل پرسنز ڈیپارٹمنٹ کے تحت کئی ذیلی شعبہ جات (Sub Department) بنائے گئے ہیں، تاکہ اسپیشل پرسنز میں دینی کام دنیا بھر میں آسانی سے کیا جاسکے۔

الحمد للہ عزوجل اسپیشل پرسنز کو علمِ دین سکھانے اور ان کی روحانی اور اخلاقی تربیت کے لئے اسپیشل پرسنز ڈیپارٹمنٹ کے تحت مختلف دینی کام مثلاً چوک درس، ہفتہ وار اجتماع، مدنی مذاکرہ، ایک دن راہِ خدا میں اور وقتاً فوقتاً سنتوں بھرے اجتماعات کا انعقاد ہوتا ہے، اس کے علاوہ نماز اور قرآن کے احکام سکھانے کے لئے ان اسپیشل پرسنز کو فیضان نماز کورس، مدرسۃ المدینہ بالغان، رمضان المبارک میں اجتماعی اعتکاف، 3 دن، 12 دن اور ایک ماہ کے قافلوں میں سفر کا سلسلہ ہوتا ہے۔ ان دینی کاموں میں ڈیف اسلامی بھائیوں کیلئے اشاروں کی زبان میں ترجمانی کیلئے انٹرپریٹر (Interpreter) کی سہولت مہیا کی جاتی ہے۔

اسپیشل پرسنز ڈیپارٹمنٹ کی نیکی کی دعوت کی برکت سے ہزاروں عاشقان رسول اسپیشل پرسنز دعوت اسلامی کے ساتھ منسلک ہیں اور اسپیشل پرسنز ڈیپارٹمنٹ کے تحت دنیا بھر میں اسپیشل پرسنز نیکی کی دعوت عام کرنے اور علمِ دین سیکھنے اور سکھانے میں مشغول ہیں۔

اسپیشل پرسنز ڈیپارٹمنٹ کے تحت ڈیف، نابینا اور معذور عاشقانِ رسول کو دینی تعلیم فراہم کرنے کے لئے مختلف کتب و رسائل تیار اور شائع ہو چکے ہیں، نابینا بچوں کو قرآن پاک سیکھانے کیلئے بریل رسم الخط میں مدنی قاعدہ اور نابینا اسلامی بھائیوں اور اسلامی بہنوں کیلئے قرآن پاک بمع حاشیہ بنام کنز العرفان مع حاشیہ افہام القرآن کے علاوہ 7 کتب و رسائل شائع اور تقریباً 22 کتب و رسائل تیار ہو چکے ہیں، ان تحریری کتب و رسائل کے علاوہ آڈیو بکس اور رسائل بھی ریکارڈ کر کے نابینا افراد کو فراہم کئے جاتے ہیں۔ گونگے، بہرے اسلامی بھائیوں کیلئے مسائل اور فرض علوم پر مشتمل رسالہ بنام گونگے بہرے اسلامی بھائیوں کے بارے میں سوال جواب (تحریری) اور اشاروں کی زبان میں تصویری کتب " آیئے وضو کریں" اور باتصویر نماز 04 قسطیں شائع ہو چکی ہے۔

اسپیشل پرسنز ڈیپارٹمنٹ کے تحت نابینا بچوں کو حافظِ قرآن بنانے کے لئے رہائشی مدارس المدینہ برائے نابینا افراد (بوائز) کراچی، لاہور، حیدر آباد، ملتان، سرگودھا، ملکوال اور میرپور کشمیر میں قائم ہو چکے ہیں مزید بڑے شہروں (اسلام آباد وغیرہ) اور دیگر ممالک میں مدارس قائم کئے جائیں گے، اس کے ساتھ ساتھ نابینا اسلامی بھائیوں کو عالمِ دین بنانے کے لئے رہائشی جامعۃ المدینہ برائے نابینا افراد کا باقاعدہ آغاز حیدر آباد میں ہو چکا ہے، مزید ملک و بیرونِ ملک میں جامعۃ المدینہ برائے نابینا افراد (بوائز) قائم کئے جائیں گے۔ الحمد للہ دعوت اسلامی کے دینی ماحول میں اب تک (16) مدنی منے حافظ قرآن اور (21) اسپیشل پرسنز عالم کورس مکمل کر چکے ہیں۔

اسپیشل پرسنز ڈیپارٹمنٹ کے تحت دعوت اسلامی کے مبلغین پاکستان کے ساتھ ساتھ دنیا بھر مختلف ممالک میں اسپیشل پرسنز میں نیکی کی دعوت عام کرنے کے لئے سفر کرتے ہیں، گونگے بہرے افراد میں نیکی کی دعوت کیلئے مبلغین کو (رہائشی، جزوقتی اور آن لائن) اشاروں کی زبان کا کورس کروایا جاتا ہے، ملک و بیرونِ ملک میں سینکڑوں اسلامی بھائی اشاروں کی زبان کا کورس کر چکے ہیں۔

دعوتِ اسلامی کے آئی ٹی ڈیپارٹمنٹ اور اسپیشل پرسنز ڈیپارٹمنٹ کے تعاون سے اسپیشل پرسنز کیلئے موبائل ایپ بنام اسپیشل پرسن (Special Person) بنائی گئی ہے، جس میں نابینا افراد کے لئے آڈیو لائبریری کا آپشن، گونگے بہروں کے لئے حج و عمرہ، نماز، وضو اور غسل کا طریقہ اشاروں کی زبان میں، عمومی (نارمل) اسلامی بھائیوں کے لئے اشاروں کی زبان سیکھنے کیلئے اینی میٹیڈ سائن لینگویج کورس (Animated Sign Language Course) کا آپشن موجود ہے۔

الحمد للہ اسپیشل پرسنز ڈیپارٹمنٹ کی آفیشل ویب سائیٹ بھی لانچ ہو چکی ہے اور اسپیشل پرسنز ڈیپارٹمنٹ دعوت اسلامی کا فیس بک پیج اور آفیشل یوٹیوب چینل اور انسٹا گرام بھی بنایا جا چکا ہے، ان پلیٹ فارمز پر وقتاً فوقتاً شارٹ کلپس، مختلف سلسلے اور نعتیں اشاروں کی زبان کے ساتھ اپلوڈ کی جاتی ہیں۔ دعوت اسلامی کے مدنی چینل پر اسپیشل پرسنز ڈیپارٹمنٹ کے تحت اسپیشل پرسنز کے لئے مختلف پروگرامز اشاروں کی زبان کے ساتھ نشر کئے جا رہے ہیں۔

اسپیشل پرسنز ڈیپارٹمنٹ کے ذیلی شعبہ اسپیشل ایجوکیشن کے ذریعے پاکستان بھر میں اسپیشل ایجوکیشن کے سرکاری اور پرائیویٹ اداروں، اسکولز، کالجز اور یونیورسٹیز میں اسپیشل پرسنز ڈیپارٹمنٹ کے انٹرپریٹرز (Interpreters) وزٹ کرتے ہیں اور اسکولز کے آفیسران، اور ٹیچرز کو نیکی کی دعوت پیش کرتے ہیں اور اور اسٹوڈنٹس میں لرننگ سیشن کرتے ہیں۔ اسپیشل ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ دعوت اسلامی کو مختلف سرکاری و غیر سرکاری اداروں سے اپریسی ایشن لیٹرز (Appreciation Letters) بھی ایشو کئے گئے ہیں اور اداروں میں ٹریننگ سیشنز کرنے کی اجازت دی گئی ہے۔

# عمرہ کی تیاری کیجئے
## Prepare for Umrah

1 Umrah عمرہ



2 Umrah عمرہ





3 Start شروع



4 Necessary belongings for Umrah عمرہ کا ضروری سامان







# احرام باندھیے
## Put on Ihram



نیّت کے بعد کم اَز کم ایک بار لَبَّیک کہنا لازِمی ہے اور تین بار کہنا افضل۔ لَبَّیک یہ ہے :

After the intention (Niyyah), saying ' لَبَّیک at least once is mandatory, and saying it three times is preferable. لَبَّیک is as follows:


















# لَبَّیْك

لَبَّیْكَ ؕ اَللّٰھُمَّ لَبَّیْكَ ؕ لَبَّیْكَ لَاشَرِیْكَ لَكَ لَبَّیْكَ ؕ اِنَّ الْحَمْدَ وَ النِّعْمَةَ لَكَ وَ الْمُلْكَ ؕ لَاشَرِیْكَ لَكَ ؕ


میں حاضِر ہوں، اے اللہ پاک! میں حاضِر ہوں، (ہاں) میں حاضِر ہوں تیرا کوئی شریک نہیں میں حاضِر ہوں، بے شک تمام خوبیاں اور نعمتیں تیرے لئے ہیں اور تیرا ہی ملک بھی، تیرا کوئی شریک نہیں۔

I am in attendance. Yā Allah عَزَّوَجَلَّ I am in attendance. I am in attendance (and) You have no partners. I am in attendance. No doubt, all glorification and bounties are for You and also the sovereignty (is Yours). You have no partners.



# مکہ مکرمہ کی حاضری

## Presence in Makkah Mukarramah




# طواف کی نیّت کیجئے

## Make the intention of Tawaf.

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اُرِیْدُ طَوَافَ بَیْتِكَ الْحَرَامِ فَیَسِّرْہُ لِیْ وَ تَقَبَّلْہُ مِنِّیْ ط

اے اللہ پاک میں تیرے محترم گھر کا طواف کرنے کا اِرادہ کرتا ہوں، تُو اِسے میرے لئے آسان فرمادے اور میری جانب سے اِسے قَبول فرما۔

O Allah عَزَّوَجَلَّ I intend to perform the seven rounds of Sa'i between Safa and Marwah for Your pleasure. Make it easy for me and accept it from me.




## حجر اسود کی سیدھ میں آجائیں کہ حجر اسود آپ کے سامنے ہو

Align yourself with the Hajr-e-Aswad (Black Stone) so that the Black Stone is directly in front of you.


## حجر اسود کا استلام کیجئے

Perform the Istilam of the Hajr-e-Aswad.



# طواف کے سات چکر لگائیے

Perform the seven rounds of Ṭawāf.




# دو رکعت نفل نماز پڑھیے

Perform two Rak'āt Nafl Ṣalāh.



# صَفا و مَروہ کی سعی شروع کریں

Start the Sa'i of Safa and Marwah.




اب حجرِ اَسوَد کی طرف دونوں ہاتھ کانوں تک اُٹھا کر دعا اور اِستِلام کیجئے۔

Now, raise both hands up to ears towards the Black Stone (Hajr-e-Aswad), and recite this Du'a and perform Istilam:

بِسۡمِ اللّٰہِ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰہِ وَاللّٰہُ اَکۡبَرُ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی رَسُوۡلِ اللّٰہِ ط

پڑھ کر اِستِلام کیجئے۔ اب دُرُود و سلام پڑھتے ہوئے صَفا پر اِتنا چڑھئے کہ کعبۂ مُعَظَّمہ نظر آ جائے۔

While reciting Salat-o-Salam, now go uphill at Safa such that you may see the Holy Ka'bah from there.



# سَعی کی نیّت
## Intention of Sa'ī


اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡۤ اُرِیۡدُ السَّعۡیَ بَیۡنَ الصَّفَا وَ الۡمَرۡوَۃِ سَبۡعَۃَ اَشۡوَاطٍ لِّوَجۡھِكَ الۡکَرِیۡمِ فَیَسِّرۡہُ لِیۡ وَ تَقَبَّلۡہُ مِنِّیۡ ط


اے اللہ پاک! میں تیری رضا اور خوشنودی کی خاطر صفا اور مروہ کے درمیان سعی کے سات چکر کرنے کا ارادہ کررہا ہوں
تو اسے میرے لئے آسان فرمادے اور میری طرف سے اسے قبول فرما۔ (بہارِ شریعت ج1 حصّہ 6 ص1108)

O Allah عَزَّوَجَلَّ I intend to perform the seven rounds of Sa'i between Safa and Marwah for Your pleasure. Make it easy for me and accept it from me.

سعی کے سات چکر مکمل کرکے مروہ پر سعی مکمل کیجئے

Continue until all seven rounds of Sa'i are completed. The seventh round will finish at Marwah. Your Sa'i has now completed.



# حَلق یا تَقصِیر

## Ḥalq or Taqṣīr

اب مرد حَلق کریں یعنی سَر منڈوادیں یا تَقصِیر کریں یعنی بال کتروائیں۔


Men should now either do Halq, i.e. get their entire head shaved or Taqsir, i.e. get their hair trimmed.



# مبارک ہو کہ عمرہ شریف مکمل ہوگیا۔

**Congratulations to you on the completion of ‘Umrah.**

1 Congratulations to you! مبارک ہو



2 ‘Umrah عمرہ شریف



3 ‘Umrah عمرہ شریف




4 has been completed. مکمل ہوگیا



# حج شروع

## Starting Hajj



# احرام باندھیے

**Put on Iḥrām.**

حج اور عمرہ اِحرام باندھنے کا طریقہ دونوں کا ایک ہی ہے۔

There is the same manner of putting on Iḥrām for both Hajj and ‘Umrah.



خواہ عمرے کی نیّت ہو یا حج کی، نیّت کے بعد کم از کم ایک بار تَلْبِیَہ کہنا لازمی (ضروری) ہے اور تین بار کہنا افضل ہے

After making the intention, whether it is the intention of ‘Umrah or Hajj, it is essential to utter Labbayk at least once, and uttering it thrice is preferable.


1 Intention نیّت


2 After/Next step بعد


3 Once ایک بار


4 لَبَّیْک


5 necessary لازِمی



6 is ہے

# لَبَّیْك

لَبَّیْكَ ؕ اَللّٰھُمَّ لَبَّیْكَ ؕ لَبَّیْكَ لَا شَرِیْكَ لَكَ لَبَّیْكَ ؕ اِنَّ الْحَمْدَ وَ النِّعْمَةَ لَكَ وَ الْمُلْكَ ؕ لَا شَرِیْكَ لَكَ ؕ

میں حاضِر ہوں، اے اللہ پاک! میں حاضِر ہوں، (ہاں) میں حاضِر ہوں تیرا کوئی شریک نہیں میں حاضِر ہوں، بے شک تمام خوبیاں اور نعمتیں تیرے لئے ہیں اور تیرا ہی ملک بھی، تیرا کوئی شریک نہیں۔


I am in attendance. Ya Allah عَزَّوَجَلَّ I am in attendance. I am in attendance (and) You have no partners. I am in attendance. No doubt, all glorification and bounties are for You and also the sovereignty (is Yours), You have no partners.





# آٹھ ذُوالحجۃ الحرام، مِنٰی کو روانگی

8th Zul-Ḥijjah, departure for Minā





8ذُوالحجہ کی ظہر سے لے کر 9ذُوالحجہ کی فجر تک پانچ نمازیں آپ کو مِنیٰ شریف میں ادا کرنی ہیں۔

You will be offering five Ṣalāh (from Ṣalāt-uz-Zuhr of 8th Zul-Ḥijjah to Ṣalāt-ul-Fajr of 9th Zul-Ḥijjah) in Minā.




















9ذُوالحجہ کو نمازِ فجر مُستَحَب وقت میں ادا کر کے لَبَّیْک اور ذکر و دعا میں
مشغول دھڑکتے ہوئے دل کے ساتھ جانبِ عرفات شریف چلئے۔

Today is the 9th of zul-Ḥijjah. After offering Ṣalāt-ul-Fajr in its Mustaḥab time, remain busy reciting Talbiyah, doing zikr and making Du'ā. Now proceed towards 'Arafāt with a trembling heart.

1 9ذُوالحجہ 9th Zul-Ḥijjah



2 نمازِ فجر Fajr Salah



3 ادا کر کے after performing



4 عرفات 'Arafāt



5 چلئے Proceed



# عرفات
'Arafāt




1 عرفات میں In 'Arafāt



2 نمازِ ظہر Salat-ul-Zuhr



3 نمازِ عصر Salat-ul-'Asr



# مُزْدَلِفَہ
Muzdalifah



یہاں (مزدلفہ) میں آپ کو ایک ہی اذان اور ایک ہی اِقامت سے دونوں نمازیں ادا کرنی ہیں لہٰذا اذانِ و اِقامت کے بعد پہلے مغرب کے تین فرض ادا کرلیجئے، سلام پھیرتے ہی فوراً عشاء کے فرض پڑھئے، پھر مغرب کی سُنّتیں، اس کے بعد عشاء کی سُنَّتیں اور وتر ادا کیجیے۔

Here (in Muzdalifah), you have to offer both Ṣalāhs with a single Azān and a single Iqāmah. Therefore, after Azān and Iqāmah, first offer three Farḍ Rak'āt of Ṣalāt-ul-Maghrib. Then, right after performing the Salām of Ṣalāt-ul-Maghrib, offer Farḍ of Ṣalāt-ul-'Ishā. Thereafter, offer Sunan of Maghrib and then offer Sunan and Witr of 'Ishā.



# وُقُوفِ مُزْدَلِفہ
## Ritual stay in Muzdalifah

مُزْدَلِفہ میں رات گزارنا سنّتِ مؤکّدہ ہے مگر اس کا وُقُوف واجب ہے۔

To spend night here on return from ʻArafāt is Sunnah and to stay here for at least a moment between Ṣubḥ-e-Ṣādiq and sunrise is Wājib.







وُقُوفِ مُزْدَلِفہ کا وقت صبحِ صادق سے لے کر طلوعِ آفتاب تک ہے
اس کے درمیان اگر ایک لمحہ بھی مُزْدَلِفہ میں گزار لیا تو وقوف ہو گیا۔

The stipulated time for stay at Muzdalifah is from Ṣubḥ-e-Ṣādiq up to sunrise. If one spends even a single moment in Muzdalifah within the described duration, his stay in Muzdalifah will be valid.



# دسویں ذُوالحجہ کا پہلا کام رَمی


## Ramī; first rite of 10th Zul-Ḥijjah

مُزدَلِفہ شریف سے مِنٰی شریف پہنچ کر سیدھے جَمْرَۃُ الْعَقَبَہ یعنی ”بڑے شیطان“ کی طرف آیئے۔ آج صِرف اسی ایک (یعنی بڑے شیطان) کو کنکریاں مارنی ہیں۔

On returning to Minā from Muzdalifah, come straight towards Jamra-tul-‘Aqabah (the big satan). Today (i.e., 10th Zul-Ḥijjah), only the big satan is to be pelted with stones.



1. 10ذُوالحجہ — 10th Zul-Ḥijjah
2. بڑا شیطان — the big satan
3. رَمی (یعنی 7 کنکریاں مارنا) — Ramī (i.e., to pelt seven stones)



# حج کی قربانی

## Performing Ritual Sacrifice of Hajj

دسویں ذُوالحجہ قربان گاہ تشریف لائیے اور قربانی کیجئے۔ یہ قربانی حج
کے شکرانے میں قارِن اور متمتع پر واجب ہے چاہے وہ فقیر ہی کیوں نہ ہوں۔

After throwing stones at the big satan on 10th Zul-Ḥijjah, come to the slaughter area and perform Qurbānī (sacrifice of animal). This is not the sacrifice that is performed on Eid-ul-Aḍḥā. Rather, it is the sacrifice which is Wājib for a Qārin and a Mutamatte' in gratefulness to Hajj even if he is Faqīr (poor).



## قربانی سے فارغ ہو کر حَلْق یا قَصر کروا لیجئے

Have Ḥalq (i.e. shaving the head completely) or Qaṣr (i.e. trimming each hair of at least a quarter (¼) of the head equal to the length of the upper third of a finger) done after having performed the Qurbānī.










# گیارہ اور بارہ ذُوالحِجّۃ کی رَمی

Ramī of 11th and 12th Zul-Ḥijjah



**کنکریوں کا فارمولا:**


10 ذوالحجہ: 7 کنکریاں بڑے شیطان کو۔
11 ذوالحجہ: 7+7+7=21 تینوں شیطانوں کو
12 ذوالحجہ: 7+7+7=21 تینوں شیطانوں کو
13 ذوالحجہ: 7+7+7=21 تینوں شیطانوں کو

ٹوٹل: **70**

1 — 11 ذوالحجہ
11th Zul-Ḥijjah

2 — 12 ذوالحجہ
12th Zul-Ḥijjah

3 — رَمی (یعنی کنکریاں مارنا)
Ramī (i.e., pelting stones)




# طوافِ زیارت

## Ṭawāf-uz-Ziyārah

☆طوافِ زیارت: حج کا دوسرا رکن ہے۔

☆طوافِ زیارت دسویں ذُوالحجہ کو کرلینا افضل ہے۔ اگر یہ طواف دسویں کو نہیں کرسکے تو گیارہویں اور بارہویں کو بھی کرسکتے ہیں مگر بارہویں کا سورج غروب ہونے سے پہلے پہلے لازِماً کرلیجئے۔


It is the second pillar of Hajj.It is preferable to perform Ṭawāf-uz-Ziyārah on 10th zul-Ḥijjah. If you are unable to perform this Tawaf on the 10th, you may also do so on the 11th and 12th; however, you must perform it before the sunset of 12th Zul-Ḥijjah."



# طوافِ رُخصت
## Ṭawāf-ur-Rukhṣat

جب رُخصت (واپسی) کا ارادہ ہو اس وقت "آفاقی حاجی" پر طوافِ رخصت واجب ہے۔ نہ کرنے والے پر دم واجب ہوتا ہے۔ (میقات سے باہر مثلاً پاک و ہند وغیرہ سے آنے والا آفاقی حاجی کہلاتا ہے)

After performing Hajj, when an Āfāqī Ḥājī intends to return back to his country, Ṭawāf-ur-Rukhṣat (i.e. farewell Ṭawāf) becomes Wājib for him. If he does not perform it, Dam will become mandatory (Wājib) for him. A Haji (pilgrim) coming from outside the Meeqat, for example from Pakistan, India,etc., is called an 'Aafaqi Haji'.



پاکستان اور ہندوستان سے آنے والے عموماً حج تمتع ہی کیا کرتے ہیں۔ ذیل کے نقشہ میں نہایت اختصار سے اس کا طریقہ (جب کہ قربانی کا جانور ساتھ نہ ہو) گھر سے روانہ ہوکر اختتام حج تک پیش خدمت ہے۔

1. گھر سے روانگی
2. میقات سے پہلے عمرہ کی نیت سے احرام باندھنا
3. کعبہ شریف کا طواف کرنا اور مقام ابراہیم پر دو رکعت نماز پڑھنا اور آب زم زم پینا
4. سعی کرنا اور اس کے بعد حلق یا قصر کرانا اور احرام کھولنا
5. ۸ ذی الحجہ کو دوبارہ احرام باندھ کر منٰی جانے کی تیاری کرنا اور منٰی میں جا کر ظہر عصر مغرب اور عشاء کی نماز ادا کرنا
6. ۹ ذی الحجہ کو مقام عرفات میں ظہر وعصر کی نمازیں پڑھنا۔ وقوفِ عرفات کرنا
7. ۹ ذی الحجہ کو سورج غروب ہونے کے بعد عرفات سے مزدلفہ پہنچ کر نماز مغرب وعشاء ملا کر پڑھنا۔ رات مزدلفہ میں قیام اور طلوع آفتاب سے کچھ پہلے تک مزدلفہ میں وقوف کرنا
8. ۱۰ ذی الحجہ کو مزدلفہ سے منٰی میں آنا اور جمرۃُ العقبٰی پر کنکریاں مارنا۔ قربانی کرنا اور حلق یا قصر کرنا
9. ۱۰ ذی الحجہ کو حلق یا قصر کے بعد مکہ مکرمہ میں جا کر طواف زیارت کرنا اور پھر واپس منٰی میں آنا
10. ۱۱، ۱۲، ۱۳ ذی الحجہ کو منٰی میں قیام کرنا۔ اور ان تینوں دنوں میں جمرات پر کنکریاں مار کر مکہ مکرمہ روانہ ہونا
11. ۱۴ ذی الحجہ یا جب رخصت کا ارادہ ہو طواف وداع کرنا
12. سفر مدینہ طیبہ خاص بقصد زیارت شریفہ

**اعلیٰ حضرت، امام اَحمد رضا خان** علیہ رحمۃُ الرّحمٰن تحریر فرماتے ہیں: علماء مختلف ہیں کہ پہلے حج کرے یا زیارت۔ ''لباب'' میں ہے: حج نفل میں مختار ہے اور فرض ہو تو پہلے حج مگر مدینہ طیبہ راہ میں آئے تو تقدیمِ زیارت لازم انتہی۔ یعنی بے زیارت گزر جانا گستاخی اور فقیر کو علامہ سبکی (رحمہ اللہ تعالی) کا یہ ارشاد بہت بھایا کہ: پہلے حج کرے تا کہ پاک کی زیارت پاک ہو کر ملے۔

(فتاوی رضویہ ج ۱۰ ص ۷۹۸)


1 مکہ مکرمہ پہنچ کر احرام باندھیں
2 طواف کرنا
3 صفا مروہ کی سعی
4 منیٰ میں قیام
5 میدان عرفات جانا
6 مزدلفہ میں رات گزارنا
7 بڑے شیطان کو کنکریاں مارنا
8 قربانی دینا اور بال کٹوانا
9 طوافِ افاضہ
10 سارے شیطانوں کو کنکریاں مارنا
11 طوافِ وداع

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ وَ الصَّلٰوةُ وَ السَّلَامُ عَلٰى سَيِّدِ الْمُرْسَلِيْنَ
اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ؕ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ؕ




DAWAT-E-ISLAMI

فیضانِ مدینہ، محلّہ سوداگران، پرانی سبزی منڈی کراچی
UAN +92 21 111 25 26 92  0313-1139278
www.maktabatulmadinah.com / www.dawateislami.net
feedback@maktabatulmadinah.com / ilmia@dawateislami.net